## کراچی میں فائرنگ کے واقعات میں بے گناہ افراد کی ہلاکتوں پر رابطہ کمیٹی خصوصاً قائد تحریک الطاف حسین کو دلی صدمہ پہنچا ہے۔رابطہ کمیٹی
## اے این پی اور ہزارہ صوبہ تحریک چلانے والوں سے اپیل کرتے ہیں کہ ایک دوسرے کو برداشت کیا جائے
## امن قائم کرنے کیلئے دونوں طرف سے پرخلوص کوششیں کی جائیں،کسی بھی قسم کے اختلافات کو بات چیت اور افہام وتفہیم کے ذریعے حل کیا جائے
## کراچی پر جتنا حق دیگر قومیتوں اور اے این پی کا ہے اتنا ہی حق ہزارے وال کا ہے،کراچی کا امن پورے شہر کے عوام کے مفاد میں ہے

کراچی ۔۔۔ 19 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ کراچی میں فائرنگ کے واقعات میں بے گناہ افراد کی ہلاکتوں پر رابطہ کمیٹی خصوصاً قائد تحریک الطاف حسین کو دلی صدمہ پہنچا ہے اور انہوں نے جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ خصوصاً ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے سرحد کا نام بدل کر پختونخوا رکھنے کا مطالبہ زور وشور سے کیا جا تا رہا ہے اور قائد تحریک الطاف حسین اس مطالبہ سے کبھی دستبردار نہیں ہوئے۔آج جبکہ خیبر پختونخوا کا نام وجود میں آچکا ہے اور اس کے بعد ہزارہ کے عوام مائیں، بہنیں، بچے، بزرگ اور ہزارہ کے عوام کی بھاری اکثریت ہزارہ صوبہ کے قیام کا مطالبہ کررہی ہے جو ان کا آئینی، قانونی اور جمہوری حق ہے اور اس پر کسی بھی فریق کو چراغ پا ہونے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ایک دوسرے کے مسائل اور مطالبات کو انتہائی سنجیدگی، تحمل، غور وفکر اور جمہوری سوچ وفکر کے ساتھ سمجھا جائے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جس طرح کسی بھی جماعت کو اپنے حقوق کیلئے آواز اٹھانے کا حق ہے اسی طرح ہزارہ وال کے عوام کو بھی اپنے حقوق کیلئے ہزارہ صوبہ کے قیام کا مطالبہ کرنے کا حق ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی پر جتنا حق دیگر قومیتوں اور اے این پی کا ہے اتنا ہی حق ہزارے وال کا ہے اور کراچی کا امن پورے شہر کے عوام کے مفاد میں ہے لہٰذا ہم اے این پی اور ہزارہ صوبہ تحریک چلانے والوں سے اپیل کرتے ہیں کہ ایک دوسرے کے بینر اور پوسٹر جلانے کے بجائے ایک دوسرے کو برداشت کیا جائے، ایک دوسرے کے خلاف اشتعال انگیز بیانات سے گریز کیا جائے کیونکہ کسی بھی قسم کی محاذ آرائی سے معصوم انسانی جانوں کا اتلاف ہوتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے اے این پی اور ہزارہ صوبہ کی تحریک سے اپیل کی کہ امن قائم کرنے کیلئے دونوں طرف سے پرخلوص کوششیں کی جائیں، کسی بھی قسم کے اختلافات کو بات چیت اور افہام وتفہیم کے ذریعے حل کیا جائے اور دونوں اپنے اپنے کارکنوں کو درس دیں کہ وہ صبر وتحمل، برداشت اور صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں کیونکہ اسی میں شہر کی بھلائی ہے۔

## الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے اپنے MNA فنڈز سے گاؤں پیارے جی ضلع تھرپارکر میں بجلی فراہم کردی
## 63 سال بعد بجلی کی فراہمی پر گوٹھ کے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ایم کیوایم ہی غریب وپسماندہ عوام کی زندگی بدل سکتی ہے، گوٹھ کے عوام کے تاثرات

مٹھی۔۔۔19مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے اپنے ایم این اے فنڈز سے صوبہ سندھ ضلع مٹھی کے تعلقہ چھاچھرو کے گاؤں پیارے جی ڈھانی میں بجلی فراہم کردی گئی ہے اور یہاں بجلی کی فراہمی سے تین مزید گوٹھوں کو بجلی کی سہولت میسر آگئی ہے جن میں آدم جی ڈھانی، ہاشم جی ڈھانی اور ہوتی جوتڑ گوٹھ شامل ہیں ۔تفصیلات کے مطابق حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت اور ایم کیوایم کے ویژن پر عمل پیرا ہوکر اپنے ترقیاتی فنڈ سے ضلع مٹھی کے گاؤں پیارے جی ڈھانی میں بجلی فراہم کردی، پیارے جی ڈھانی گاؤں میں بجلی کی فراہمی قیام پاکستان کے 63 سال بعد ایم کیوایم کی بدولت عمل میں آئی جس پر مجموعی طور پر ایک کروڑ روپے کی لاگت آئی اور اس منصوبے کو انتہائی برق رفتاری سے مکمل کیا گیا ہے اور اس سلسلے میں گیارہ کلومیٹر طویل تار کو 95 کھمبوں کے ذریعے گوٹھ تک پہنچایا گیا ہے تاہم ترقیاتی منصوبے کا باقاعدہ افتتاح 25 مئی کو ایک بڑے جلسے میں کیا جائیگا۔بجلی کی فراہمی پر گاؤں پیارے جی ڈھانی سمیت راستے میں آنے والے تین گاؤں کا آدم جی ڈھانی، ہاشم جی ڈھانی اور ہوتی جوتڑ گوٹھ کو بھی بجلی کی سہولت میسر آگئی جس سے ان گاؤں کے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور ان کی جانب سے ایم کیوایم کے اس عمل کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جارہا ہے۔گوٹھ کے عوام نے بجلی کی فراہمی پر حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ہی غریب اور پسماندہ عوام کی زندگیوں میں تبدیلی لاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم 63 سال سے بجلی کی فراہمی کی امیدیں لگائے بیٹھے تھے اور ہمیں یہ سہولت فراہم کرکے ایم کیوایم نے ثابت کردیا ہے کہ وہ عوام کی بلاتفریق خدمت پر یقین رکھتی ہے۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## آزادکشمیر کے سابق صدر سردار حیات محمد خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر سردار حیات محمد خان کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے سردار حیات محمد خان کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا انہوں نے مرحوم کی جانب سے آزاد کشمیر کے عوام کیلئے کی جانیوالی خدمات کو سراہا۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## لاہور کے جناح انڈر پاس سے گزرنے والی بس حادثے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں جناح انڈر پاس سے گزرنے والی بس کے حادثے نتیجے میں پانچ طالبعلموں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے طالبعلموں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے حادثہ میں زخمی ہونے والے طلب علموں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی (آمین)

## کراچی سے چلنے والی دس ٹرینوں کی بوگیوں کو کم کرنے کا نوٹس لیا جائے،حق پرست اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔19مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے محکمہ ریلوے کی جانب سے کراچی سے چلنے والی 10 مسافر ٹرینوں کی بوگیاں کم کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ اسٹیشنوں پر عوام کے رش کے باوجود 10 ٹرینوں کی بوگیاں کم کرنے کا عمل ٹرانسپورٹ مافیا کو فائدہ پہنچانے کیلئے کیا گیا ہے جس سے مسافروں کو سفر میں سخت مشکلات کا سامنا ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے کراچی سے چلنے والی 10 ٹرینوں کی بوگیاں کم کرنے سے مسافروں کو شدید مشکلات وپریشانیوں کا سامنا ہے جبکہ ٹرینوں میں جگہ کی کمی کے باعث مسافر بسوں کے ذریعے تکلیف دہ سفر کرنے پر مجبور ہیں جس سے قومی شاہراہوں پر حادثات میں بھی اضافے کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریلوے کا نظام بہتر بنانے اور ٹرینوں کو جدید طرز پر چلانے کے بجائے سوچے سمجھے سازشی منصوبوں کے تحت قومی ادارے کو تباہ کیا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب ٹرینوں کی بوگیوں میں کمی کرکے مسافروں کی مشکلات میں اضافہ کیا جارہا ہے جبکہ دوسری جانب ٹرانسپورٹ مافیا کو فائدہ پہنچایا جارہا ہے جو مسافروں سے منہ مانگے کرائے وصول کررہے ہیں جس سے غریب مسافروں میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی سے چلنے والی دس ٹرینوں کی بوگیوں کو کم کرنے کا نوٹس لیا جائے اور معاملے کی تحقیقات کرکے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## ایم کیو ایم علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد کی والدہ محترمہ کی صحت یابی کیلئے دعا کی جائے،الطاف حسین

لندن۔۔۔19مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد کی والدہ محترمہ نجمہ سعید کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد صحتیابی کے لئے دعا کی۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورنوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حضور محترمہ نجمہ سعید کی جلد ومکمل صحتیابی کے لئے خصوصی دعا کی۔

## فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے صدر شوکت پرویز کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔19 مئی 2010ء

فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے صدر شوکت پرویز نے بدھ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل اور کنور خالد یونس سے رابطہ کمیٹی کے دفتر میں ملاقات کی۔اس موقع پر ان کے ہمراہ جنگ ایمپلائز یونین کے سیکریٹری شکیل یامین کانگااور سینئر صحافی رفیق شیخ بھی موجود تھے۔شوکت پرویز نے ارکان رابطہ کمیٹی کو وتیج ایوارڈ سمیت صحافی برادری کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا اور انکے حل کے لئے تعاون کی درخواست کی۔ارکان رابطہ کمیتی نے انہیں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پہلے بھی صحافی برادری کے حقوق کیلئے آواز بلند کرتی رہی ہے،آئندہ بھی ان کی حمایت جاری رکھے گی۔ملاقات میں ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کے جوائنٹ انچارج قمر منصور اور رکن عبدالقدوس بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں سندھ بھر میں زبردست گہما گہمی،کیمپوں پر رکنیت حاصل کرنے والے ہزاروں شہریوں کی لمبی لمبی قطاریں لگی ہوئی تھیں
## تیسرے روز بھی طلباء وطالبات،مختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنوں اور مقامی افراد نے ہزاروں کی تعداد میں ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی
## ایم کیوایم کے 9 زونوں کے تحت 37 علاقوں میں رکنیت سازی کیمپس لگائے گئے

حیدرآباد۔۔۔19 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سندھ بھر میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری ہے اور رکنیت سازی مہم کے تیسرے روز بھی زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے رکنیت سازی فارم پُر کرکے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی جن میں خواتین کی بھی بڑی تعداد شامل ہے۔رکنیت سازی کے ذریعے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے طلباء وطالبات اور مختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنان کے علاوہ مقامی بزرگوں،نوجوانوں اور خواتین ہزاروں کی تعداد شامل ہے۔رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں بدھ کے روز ایم کیوایم کے 9،زونوں کے تحت 37 علاقوں میں کیمپس لگائے گئے،ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت ھالا،سعید آباد،بھٹ شاہ ،ٹنڈ محمد خان،قاسم آباد،ایم کیوایم میرپورخاص زون کے تحت یوسی پھلاڈیوں،یوسی کھیراؤ،یوسی میرواہ گورچانی،یوسی جھلوری،سیکٹر ڈگری،ایم کیوایم نوابشاہ زون کے تحت اللہ والا چوک بانکارام روڈ،ڈیسنٹ چوک نزد چکرہ بازار،قاضی احمد موڑ چوک،پھاٹک چوک نزد علم چوک،زبیر چوک مریم روڈ،ایم کیوایم سانگھڑ زون کے تحت ٹنڈوآدم،بیرانی،شہدادپور، سرہاری،لونڈو،ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون کے تحت عثمان شاہ ہڑی ٹنڈوآدم روڈ،دھنگانو بوزدار،ایم کیوایم جامشورو زون کے تحت سہون،لاکھا،خانوٹ،مانجھند،ایم کیوایم عمر کوٹ زون کے تحت ڈھورونارو،پتھورو،غلام نبی شاہ،سامارو،(تھرمٹھی نبی سر)،ٹالہی،ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے تحت بنوں،بھٹورو،جھریٹانی،بیلو اور ایم کیوایم بدین زون کے تحت گولارچی،ترائی اور احمد راجو کے علاقوں میں رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد کیا گیا،تمام کیمپوں پر تیسرے روز بھی رکنیت حاصل کرنے والے ہزاروں شہریوں کی لمبی لمبی قطاریں لگی ہوئی تھیں جن میں مختلف قومیتوں،مذاہب کے لوگ بھی بڑی تعداد میں شامل تھے،رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں شہر بھر میں حق پرست عوام میں کافی گہما گہمی نظر آرہی ہے اور مختلف علاقوں میں رکنیت سازی مہم کی تشہیر کیلئے بینرز اور وال پوسٹر بھی آویزاں کئے گئے ہیں جبکہ رکنیت سازی مہم اور سندھ کنونشن کے سلسلے میں سیکٹرز اور یونٹس کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر اور ایم کیوایم کے پرچم بھی لگائے جارہے۔سندھ بھر میں جاری ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں لگائے گئے کیمپوں پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین،ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور زونل انچارج واراکین نے مقامی افراد سے رکنیت سازی کے پُر شدہ فارم وصول کئے اور انہیں ایم کیوایم میں شمولیت پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی۔

## پنجاب کنونشن کی طرح سندھ کنونشن بھی مظلوم عوام کے اتحاد کا مظہر ثابت ہوگا
## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے ایم کیوایم کے رکنیت سازی کیمپوں پر تاثرات

حیدرآباد۔۔۔19،مئی2010ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کہا ہے کہ صوبہ سندھ سمیت ملک بھر کے روشن مستقبل کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی امید کی واحد کرن ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ کے تحت پنجاب کنونشن میں جس طرح سے مظلوم عوام نے اپنے اتحاد کا مظاہرہ کیا ہے اسی طرح 28 مئی کو ہونے والا سندھ کنونشن بھی مظلوم عوام کے اتحاد کا مظہر ثابت ہوگا۔ایم کیوایم کے تحت 28 مئی کو بھٹ شاہ میں ہونیوالے ''سندھ کنونشن'' کیلئے سندھ بھر میں لگائے گئے رکنیت سازی کیمپوں پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم سے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کا خواب ضرور پورا ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ ہم نے ہمیشہ وڈیروں ، جاگیرداروں کا ساتھ دیا اور اس غلطی پر ہم شرمندہ ہیں اور ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے اب قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد ہیں۔انہوں نے کہا کہ 28 مئی کو ایم کیوایم کے تحت بھٹ شاہ میں ہونے والا ''سندھ کنونشن'' جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## واہ کینٹ تھانہ میں طالبہ نتاشا کو زیادتی کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے ، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔19،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے واہ کینٹ تھانہ میں 13 سالہ طالبہ نتاشا کے ساتھ پولیس اہلکاروں کی اجتماعی زیادتی کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ معصوم طالبہ نتاشا کو واہ کینٹ تھانے میں غیر قانونی طور پر رکھنے اور زیادتی میں ملوث درندہ صفت اہلکار کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔انہوں نے کہا کہ یہ گھناؤنا جرم ہے اس جرم کے مرتکب پولیس اہلکاروں کو عبرت کی مثال بنانا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ زیادتی اور ناانصافیوں کے واقعات تسلسل کے ساتھ رونما ہونے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پولیس نے صوبہ پنجاب میں جنگل کا قانون نافذ کررکھا ہے اور غریبوں سے جانوروں جیسا سلوک کیا جارہا ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ صوبہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں پولیس کی غیر قانونی حرکات اور خواتین کے ساتھ ہونے والے افسوسناک واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس کے سدباب کیلئے فی الفور عملی اور ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

## ایم کیوایم یوایس اے کے زیراہتمام 14ویں کنونشن کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئی
## کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں آرگنائزنگ کمیٹی کا اہم اجلاس ، تیاریوں کا جائزہ لیا

میامی۔۔۔19،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ یوایس اے یونٹ کے زیراہتمام امریکی ریاست میامی ،فلوریڈا میں ایم کیوایم کے 14ویں کنونشن کی تیاریاں زوروشور سے جاری ہیں، سہ روزہ کنونشن 21 مئی سے 23 مئی تک جاری رہیگا جس میں ایم کیوایم کے ذمہ داران خطاب کریں گے۔میامی میں ایم کیوایم کے کنونشن کے سلسلے میں کارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے وہ دن رات تیاریوں میں مصروف ہیں۔علاوہ ازیں میامی میں ایم کیوایم کے 14ویں کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم یوایس اے کے آرگنائزر کمال ظفر کی صدرات میں مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی کا اہم اجلاس ہوا جس میں مختلف امریکی ریاستوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس میں کنونشن کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور ان پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مختلف کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئیں۔اجلاس میں اراکین نے کنونشن کو مزید بہتر انداز میں منعقد کرنے کیلئے مختلف آراء بھی پیش کیں۔اجلاس میں طے کیا گیا کہ کنونشن ایم کیوایم کی شاندار روایات کا عکاس ہے لہٰذا کارکنان کنونشن کو کامیاب بنانے کیلئے محنت ولگن کے ساتھ کام کریں اور محلّہ محلّہ چھوٹی چھوٹی میٹنگز منعقد کرکے زیادہ سے زیادہ پاکستانی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے عوام تک قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام پہنچائیں اور انہیں ایم کیوایم کے کنونشن میں شرکت کی دعوت دیں۔

☆☆☆☆☆